تخیّل

(جناب رعنا جگی)

تخیّل ہر اک چیز کی جان ہے — تخیّل سے ہر شے کا امکان ہے
تخیّل سُراغِ رہِ زندگی — تخیّل چراغِ رہِ زندگی
تخیّل ہے خلدِ تمنّا کی سیر — تخیّل ہے نادیدہ دنیا کی سیر
تخیّل۔ چمن بندِ حُسن و جمال — تخیّل بنائے عروج و کمال
تخیّل سے غم ہے مسرت اثر — تخیّل سے ہے شام۔ رشکِ سحر
تخیّل سے آساں ہے دشوار بھی — تخیّل سے ساحل ہے منجدھار بھی
تخیّل سے ہے فاش جو راز ہے — تخیّل ہی مضرابِ ہر ساز ہے
تخیّل سے ہے سود ہو یا زیاں — تخیّل سے ہے ہر یقیں ہر گماں
تخیّل سے تخلیقِ خدشات ہے — تخیّل سے جو دن ہے وہ رات ہے
تخیّل سے ہے کارواں موجِ گرد — تخیّل سے ہے عیش۔ تصویرِ درد
تخیّل سے ہے زہر۔ شاخِ نبات — تخیّل سے ہے مرگ۔ نقشِ حیات
تخیّل سے مستی ہے موجِ خمار — تخیّل سے شبنم ہے شعلہ شعار
تخیّل ہے موجِ نسیمِ بہار — تخیّل ہے نغموں کی ہلکی پھوار

تخیل سے احساسِ فصلِ خزاں — تخیل ہے سوزِ غمِ جاوداں

تخیل ہے روحِ روانِ حیات
تخیل ہے موجِ دمِ کائنات

تخیل ہے گہوارۂ آرزو — تخیل ہے تحریکِ ذوقِ نمو
تخیل عدم ہے تخیل وجود — تخیل سے ہے شکلِ بود و نبود
تخیل ہے آئینۂ علم و فن — تخیل ہے ایک زینۂ علم و فن
تخیل ہے بنیادِ وہم و یقیں — تخیل سے آباد ہے یہ زمیں
تخیل کی پروازِ عرشِ بریں — تخیل کی افتادِ قعرِ زمیں
تخیل ہے پیمانۂ نیک و بد — تخیل ہے معیارِ عشق و خرد

تخیل میں ہے نار بھی نور بھی — یہ حق سے ہے نزدیک بھی دور بھی
تخیل سے ہے کفر و ایماں کا کھیل — تخیل سے ہے جنگ کی داغ بیل
تخیل سے ہے عشق طوفان خیز — تخیل سے ہے حسن کی نبض تیز

تخیل ہے وہ روح کا سلسلہ — ہے انسان بھی جس کے دم سے خدا
تخیل ہے تکمیلِ نشو و نما — تخیل سے انسان کا ارتقا
تخیل ہے محبوب کا پیار بھی — تخیل ہے تلوار کی دھار بھی
تخیل کرم کی نشانی بھی ہے — تخیل غضب کی کہانی بھی ہے
تخیل ہے جنت۔ جہنم بھی ہے — تخیل ہے شعلہ بھی شبنم بھی ہے

تخیل سے تکمیلِ تدبیر ہے
تخیل ہی انساں کی تقدیر ہے